ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ایشین گیمز ویمنز کرکٹ: بنگلہ دیش نے پاکستان کو 5 وکٹوں سے ہرادیا۔

ہانگزو (چین) 25 ستمبر، 2023:

بنگلہ دیش کی خواتین کرکٹ ٹیم نے پاکستان کی خواتین کرکٹ ٹیم کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر ایشین گیمز ویمنز کرکٹ میں کانسی کا تمغہ حاصل کرلیا۔

چین کے شہر ہانگزو میں ہونے والے 19 ویں ایشین گیمز کے ویمنز کرکٹ کے تیسری پوزیشن کے میچ میں بنگلہ دیش ویمنز نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز کو بیٹنگ دی لیکن پاکستانی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر صرف 64 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی۔

جواب میں بنگلہ دیش ویمنز نے مطلوبہ اسکور۔2۔18 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔

پاکستان ویمنز کی اننگز میں شوال ذوالفقار پہلے ہی اوور میں بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوگئیں۔

پاکستان ویمنز کو دوسرے اوور میں سدرہ امین کا نقصان برداشت کرنا پڑا جو صرف ایک رن بناسکیں۔

چھٹے اوور میں منیبہ علی صفر پر آؤٹ ہوئیں تو مجموعی اسکور صرف 10 رنز تھا۔

عالیہ ریاض دو چوکوں کی مدد سے 17 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔

صدف شمس 13۔ کپتان ندا ڈار 14۔ اور نتالیہ پرویز 11 رنز بنانے میں کامیاب ہو پائیں۔

بنگلہ دیش کی طرف سے شورنا اختر نے 16 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ سنجیدہ اختر نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

بنگلہ دیش ویمنز کی اوپنرز شمیما سلطانہ اور شاتھی رانی نے 27 رنز کا آغاز دیا لیکن اس کے بعد پاکستانی بولرز وقفے وقفے سے وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوتی رہیں تاہم کم اسکور ہونے کی وجہ سے وہ تمام تر کوشش کے باوجود بنگلہ دیش کو ہدف تک پہنچنے سے روکنے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔ شمیما سلطانہ اور شاتھی رانی دونوں تیرہ تیرہ رنز بنا کر نمایاں رہیں۔

شورنا اختر نے عمدہ بولنگ کے بعد بیٹنگ میں بھی ذمہ داری دکھائی اور 14 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔
نشرہ سندھو 10 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کرکے سب سے کامیاب بولر رہیں۔

مختصر اسکور۔
پاکستان ویمنز 64 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) عالیہ ریاض 17۔ ندا ڈار 14۔ صدف شمس 13۔ شورنا اختر 16/3 وکٹ۔
بنگلہ دیش ویمنز۔ 65 رنز 5 کھلاڑی آؤٹ (18.2 اوورز) شورنا اختر 14 ناٹ آؤٹ۔ شاتھی رانی 13۔ شمیما سلطانہ 13۔
نشرہ سندھو 10/3 وکٹ

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial